سوال 7. صحیح متبادل کا انتخاب کر کے مکمل جملوں کو پھر سے لکھیے :

(ہر ایک کے لیے 1 نمبر)

(1) جدید دَوری جدول کی بنیاد .... پر ہے۔

(a) مثمن کے کلیہ (b) عناصر کے جوہری عدد

(c) عناصر کی جوہری کمیت (d) عناصر کی تثلیث

(2) جدید دَوری جدول میں .... دَور ہیں۔

(a) 7 (b) 8 (c) 16 (d) 18

(3) جدید دَوری جدول میں .... دَور طویل ترین دَور ہے۔

(a) پہلا (b) پانچواں (c) چھٹا (d) ساتواں

(4) جدید دَوری جدول میں ہیلوجن کا تعلق گروپ .... سے ہے۔

(a) 15 (b) 16 (c) 17 (d) 18

(5) جدید دَوری جدول میں رئیس (غیر عامل) گیسوں کو گروپ .... میں رکھا گیا ہے۔

(a) 15 (b) 16 (c) 17 (d) 18

(6) .... کو دَوری جدول کے وسط میں گروپ 3 سے 12 میں رکھا گیا ہے۔

(a) شاذ گیسوں (b) ہیلوجن

(c) عبوری عناصر (d) داخلی عبوری عناصر

(7) جدید دَوری جدول میں .... عناصر کو جدول کے نیچے جگہ دی گئی ہے۔

(a) داخلی عبوری (b) عبوری

(c) لینتھنائیڈس اور اکٹنائیڈس (d) شاذ گیسیں

(8) اِکا بورون کا نام بعد میں .... رکھا گیا۔

(a) گیلیم (b) جرمینیم (c) اسکینڈیم (d) مولبیڈینم

(9) ہر دَور میں موجود عناصر کی تعداد .... ضابطہ سے حاصل کردہ الیکٹرون کی تعداد کے مساوی ہوتی ہے۔

(a) $2n$ (b) n^2 (c) $2n^2$ (d) $3n^2$

Scanned with CamScanner

(10) ایک ہی عنصر کے تمام ہم جا .... رکھتے ہیں۔

(a) مختلف جوہری عدد اور مختلف جوہری کمیت

(b) مختلف جوہری عدد اور یکساں جوہری کمیت

(c) یکساں جوہری عدد اور مختلف جوہری کمیت

(d) یکساں جوہری عدد اور یکساں جوہری کمیت

(11) دوسرے دَور میں .... عناصر ہیں۔

(a) 8 (b) 2 (c) 18 (d) 32

(12) .... نے مثمن کا کلیہ بیان کیا۔

(a) دوبے رائنر (b) نیولینڈز (c) مینڈلیو (d) موزلے

(13) اِکا سلیکان کو بعد میں .... نام دیا گیا۔

(a) اسکینڈیم (b) گیلیم (c) جرمینیم (d) مولبیڈینیم

(14) نیولینڈز کے زمانے میں .... عناصر کی دریافت ہوئی تھی۔

(a) 56 (b) 65 (c) 63 (d) 36

(15) الیکٹرونی تشکیل (2, 8, 2) کا تعلق .... عنصر سے ہے۔

(a) Al (b) Mg (c) S (d) P

(16) سوڈیم کی الیکٹرونی تشکیل .... ہے۔

(a) (2, 8, 1) (b) (2, 8, 8)

(c) (2, 8, 2) (d) (2, 8, 3)

(17) ذیل میں دی ہوئی تثلیثوں میں سے .... تثلیث دوبے رائنر کی تثلیث کے کلیہ کے مطابق نہیں ہے۔

(a) K, Na, Li (b) Ca, Sr, Ba

(c) Be, Mg, Ca (d) Cu, Ag, Au

(18) ایلومینیم کی الیکٹرونی تشکیل .... ہے۔

(a) (2, 8, 7) (b) (2, 8, 1)

(c) (2, 8, 3) (d) (2, 8, 2)

(19) مندرجہ ذیل ہیلوجن میں سے .... کے جوہری جسامت سب سے زیادہ ہے۔

(a) آیوڈین (b) کلورین (c) برومین (d) فلورین

(20) (2, 8, 5)، یہ الیکٹرونی تشکیل .... عنصر کی ہے۔

(a) Mg (b) Al (c) Si (d) P

(21) عناصر جن کے جواہر میں صرف آخری خول نامکمل ہوتے ہیں .... کہلاتے ہیں۔

(a) عام عناصر (b) داخلی عبوری عناصر

(c) عبوری عناصر (d) غیر عامل عناصر

(22) مندرجہ ذیل عناصر میں سے، .... گروپ 18 سے تعلق رکھتا ہے۔

(a) H (b) He (c) Li (d) Hg

(23) جدید دَوری جدول میں .... گروپ ہیں۔ *(Oct. '12)*

(a) 7 (b) 14 (c) 16 (d) 18

(24) چوتھے دور میں .... عناصر ہوتے ہیں۔

(a) 8 (b) 2 (c) 18 (d) 32

(25) عناصر جن کے جواہر میں آخری تین خول نامکمل ہوتے ہیں .... کہلاتے ہیں۔

(a) عام عناصر (b) داخلی عبوری عناصر

(c) عبوری عناصر (d) غیر عامل عناصر

(26) گندھک کی الیکٹرونی تشکیل .... ہے۔

(a) (2, 8, 6) (b) (2, 8, 1)

(c) (2, 8, 5) (d) (2, 8, 3)

(27) .... کو دَوری جدول کے گروپ 1 میں جگہ دی گئی ہے۔

(a) الکلی زمینی دھاتوں (b) الکلی دھاتوں

(c) شاذ گیسوں (d) ہیلوجن

(28) دھات M کے کلورائیڈ کا ضابطہ MCl ہے۔ دھات M کا تعلق گروپ .... سے ہوگا۔

(a) 2 (b) 3 (c) 1 (d) 7

(29) .... نے بتایا کہ جوہری کمیت نہیں بلکہ جوہری عدد عناصر کی بنیادی خاصیت ظاہر کرتے ہیں۔

(a) دوبے رائنر (b) نیولینڈز (c) مینڈلیو (d) موزلے

(30) لینتھنائیڈس اور ایکٹنائیڈز میں شامل عناصر .... ہوتے ہیں۔

(a) غیر عامل عناصر (b) عام عناصر

(c) عبوری عناصر (d) داخلی عبوری عناصر

> **نوٹ :** طلبہ سے توقع کی جاتی ہے وہ مکمل بیان لکھیں اور منتخب درست متبادل کو خط کشید کر دیں جیسا کہ جواب (1) میں دکھایا گیا ہے۔

جوابات : (1) جدید دوری جدول کی بنیاد عناصر کے جوہری عدد پر ہے۔ (2) 7 (3) چھٹا (4) 17 (5) 18 (6) عبوری عناصر (7) لینتھنائیڈس اور اکٹنائیڈس (8) اسکینڈیم (9) $2n^2$ (10) یکساں جوہری عدد اور مختلف جوہری کمیت (11) 8 (12) نیولینڈز (13) جرمینیم (14) 56 (15) میگنیشیم (16) (2, 8, 1) (17) Cu, Ag, Au (18) (2, 8, 3) (19) آیوڈین (20) فاسفورس (21) عام عناصر (22) He (23) 18 (24) 18 (25) داخلی عبوری عناصر

Scanned with CamScanner